NYC

کاروبار دوبارہ کھولنے کے لیے نیو یارک سٹی کے وسائل - مرحلہ 1

محفوظ اور صحت مند نیو یارک سٹی کے لیے بنیادی چار بہترین معمولات

1. اگر بیمار ہوں تو گھر پر رہیں
2. جسمانی فاصلہ قائم رکھیں
3. کوئی فیس کورنگ پہنیں
4. اپنے ہاتھوں کو صاف رکھیں

اگر آپ کا تعلق کسی ایسے کاروبار سے ہے جو دوبارہ کُھل رہا ہے:

نیو یارک سٹی بروز پیر، 8 جون، کو دوبارہ کُھلنے کے مرحلہ 1 میں داخل ہو جائے گا۔ اس میں مینوفیکچرنگ، ہول سیل ٹریڈ، اور ریٹیل صرف سڑک کنارے یا اسٹور میں پک-اپ یا ڈراپ آف شامل ہوں گے۔ تعمیراتی سیکٹر اور زراعت، شکار، جنگل بانی، اور ماہی پروری کے سیکٹرز بھی دوبارہ کھل جائیں گے۔

آپ کی پہلی منزل نیو یارک اسٹیٹ کا نیو یارک فارورڈ (New York Forward) ہدایت نامہ ہونا چاہیے – دوبارہ کھولنے کے لیے، ریاست سے اجازتیں ملنے کے بعد، کاروباروں کے لیے اسے پڑھنا اور اس کی تصدیق کرنا لازمی ہے۔

نیو یارک سٹی (NYC) کے محکمۂ صحت و ذہنی حفظان صحت (Department of Health and Mental Hygiene [DOHMH]) نے آسان زبان میں ہر اس سیکٹر کے لیے اکثر پوچھے گئے سوالات تیار کیے ہیں جو کہ مرحلہ 1 میں، نیو یارک ریاست کی ہدایات کے مطابق دوبارہ کھل رہے ہیں۔ اضافی طور پر، چھوٹے کاروبار سے متعلق خدمات کے محکمہ (Department of Small Business Services [SBS]) نے یہ آسان فلائر کاروباروں اور کارکنان کے لیےتیار کیے ہیں۔

کاروباروں کے لیے مدد

رہنما خطوط کی تعمیل میں مدد: کال کریں **888-SBS-4NYC**

آپ کے ضروری حفاظتی منصوبہ میں مدد: نیو یارک ریاست کے محکمۂ صحت (Department of Health) کا یہ ٹیمپلیٹ اپنے خود کے حفاظتی منصوبے تخلیق کرنے کے لیے کاروباروں کو ایک رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ یہ حفاظتی منصوبے لازماً سائٹ پر پوسٹ کیے جانے چاہئیں۔

نمونے کی اسکریننگ کا ایک آلہ: اسکریننگس انجام دینے کے لیے DOHMH کا COVID-19 کی علامات کی اسکریننگ کا آلہ (COVID-19 Symptom Screening Tool) استعمال کیا جا سکتا ہے۔ آجروں کو لازماً روزانہ ملازمین کے لیے صحت کی اسکریننگس فراہم کرنی چاہئیں۔

صفائی کے لیے بہترین معمولات: DOHMH نے صحت کے علاوہ دیگر نگہداشت کی سہولتوں کی صفائی/ جراثیم کے ازالہ سے متعلق ہدایت (Cleaning/Dis-infection Guidance for Non-Health Care Settings) تیار کی ہے تاکہ کاروباروں کو مناسب صفائی کے پروٹوکولز کی مکمل رہنمائی فراہم کی جا سکے۔

سائن بورڈ: DOHMH مختلف زبانوں میں طباعت کے لیے پوسٹرز فراہم کرتا ہے۔ کاروباروں کو سماجی فاصلہ قائم رکھنے سے متعلق پروٹوکولز کے سلسلہ میں لازماً سائن بورڈز لگانے چاہئیں۔ ان پوسٹروں میں شامل ہیں:

- پھیلاؤ کی روک تھام کریں
- سماجی فاصلہ
- اپنی کھانسی کو ڈھک لیں
- اپنے ہاتھوں کو دھوئیں

چہرے کے مفت کور: کاروبار شہر بھر کے 60 سے زیادہ مقامات سے فی ملازم 5 ماسک تک لے سکتے ہیں۔ سٹی بلا معاوضہ چھوٹے کاروباروں کو کل 2 ملین فیس ماسک فراہم کر رہی ہے۔

مالی تعاون: لوٹ کھسوٹ کے شکار چھوٹے کاروبار جن کے سامنے والے حصّہ کو نقصان پہنچا ہے وہ مرمتوں کے لیے $10,000 تک فنڈ موصول کرنے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ یہ پروگرام برونکس میں شروع ہوگا اور پھر دیگر بروز (ضلعوں) میں پھیل جائے گا۔

تفتیشات

کاروبار کے دوبارہ کھلنے کی شرائط کی تفتیشات میں نفاذ کا خصوصی دفتر (Office of Special Enforcement [OSE]) تعاون کرے گا اور اس میں مختلف ایجنسیوں کے لوگ شامل ہوں گے۔ پورے شہر میں حفاظتی معمولات کو فروغ دینے کے لیے پیش اقدامی تفتیشات کی جائیں گی، اور اسے 311 پر کی گئی شکایات کی جوابی کارروائی میں بھی انجام دیا جائے گا۔ تفتیش کاروں کی توجہ رابطہ کرنے اور آگہی پیدا کرنے پر مرکوز ہوگی تاکہ کاروباروں کو رہنما خطوط کی تعمیل میں آسانی ہو اور صرف استثنائی حالات میں یا مستقل خلاف ورزیوں کی صورت میں ہی قانونی کارروائی کی جائے گی۔

آپ کا شیرف کے آفس (Sheriff's Office)، فائر ڈیپارٹمنٹ (FDNY)، ماحولیاتی تحفظ کے شعبہ (Department of Environmental Protection [DEP])، صارف اور ملازم کے تحفظ کے شعبہ (Department of Consumer and Worker Protection [DCWP])، نقل و حمل کے شعبہ (Department of Transportation [DOT]) DOHMH اور OSE کے تفتیش کاروں سے سامنا ہو سکتا ہے۔ FDNY آگ کی روک تھام کی معمول کی تفتیشات کے ساتھ ساتھ کاروبار کے دوبارہ کھلنے کی بھی تفتیشات کو انجام دے گا۔ جملہ تفتیش کاران کو یکساں تربیت موصول ہوگی اور ان کی جوابی کارروائی میں ان کا تعاون کیا جائے گا۔

اگر آپ کوئی ملازم ہیں

اپنے آجروں، یا کام کی جگہ سے متعلق سوالات (مثال کے طور پر، پیڈ سیف اور بیماری کی چھٹی) کے بارے میں کسی طرح کی شکایتوں کے لیے، *ملازمین* صارف اور ملازم کے تحفظ کے شعبہ (DCWP) کی ہاٹ لائن سے رابطہ کے لیے **311** پر کال کر سکتے ہیں۔

ملازمین کے لیے کیا جاننا ضروری ہے اس بارے میں اضافی معلومات کے لیے، یہ معاون دستاویز اور دیگر وسائل DCWP کی ویب سائٹ پر ملاحظہ کریں۔

مزید معلومات کے لیے، 311 پر کال کریں

کسی ایسے کاروبار سے متعلق شکایت کرنے کے لیے جو کہ رہنما خطوط کی تعمیل نہیں کر رہا ہے *کوئی بھی شخص* **311** پر کال کر سکتا ہے۔ OSE یا کسی پارٹنر ایجنسی کا کوئی بزنس انسپکٹر شکایت موصول کرے گا (اوپر '**تفتیشات**' ملاحظہ کریں)۔

سماجی فاصلہ قائم رکھنے سے متعلق کسی شکایت کے لیے *کوئی بھی شخص* **311** پر کال کر سکتا ہے۔ اس طرح کی ساری شکایتیں NYPD کو بھیج دی جائیں گی۔

اضافی وسائل

ان ویب سائٹوں کو بُک مارک کر کے رکھیں۔ COVID-19 سے متعلق معلومات اور تقاضوں میں مسلسل تبدیلی رونما ہو رہی ہے۔

- NYC COVID-19 پورٹل – nyc.gov/coronavirus – کاروبار اور غیر منفعتی اداروں (Business & Non-profits) کے لنکس فالو کریں
- NYC DOHMH کی ویب سائٹ – COVID – nyc.gov/doh اور کاروباروں کے لیے ہدایات یا پوسٹرز اور فلائرز کے لیے، دیگر وسائل کے ساتھ ساتھ، لنکس کو فالو کریں
- NYC بزنس – nyc.gov/nycbusiness – جس میں دوبارہ کھولنے سے متعلق ہدایات، مفت فیس کورنگ کی تقسیم کاری، اور فائنانسنگ کے لیے لنکس ہیں
- NYC 311 – https://portal.311.nyc.gov – کورونا وائرس (COVID-19) اور سٹی لائف لنکس فالو کریں
- NY فارورڈ – NY – forward.ny.gov ریاست کی ویب سائٹ مع قانونی رہنمائی
- NYC کے تعمیرات کے شعبہ (Department of Buildings [DOB] – nyc.gov/buildings) – تعمیراتی سیکٹر سے متعلق معلومات